## مولانا فضل الرحمٰن کا ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر رابطہ، ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال اور وزارت عظمٰی کے انتخاب کے معاملے پر تبادلہ ءخیال

**مولانا فضل الرحمٰن نے الطاف حسین کو اس سلسلے میں مسلم لیگ ن اور مسلم لیگ ق کے رہنماؤں سے ہونے والی بات چیت سے بھی آگاہ کیا**

**سیاسی انتشار کی صورتحال محاذ آرائی کی طرف جارہی ہے۔ایسا نہ ہو کہ جمہوریت کو نقصان پہنچے اور ہمیں کل کسی جنرل کو برداشت کرنا پڑے۔مولانا فضل الرحمٰن**

**اگر وزارت عظمٰی کے انتخاب میں انکی حمایت کی جائے تو وہ ایک متفقہ امیدوار کے طور پر سامنے آسکتے ہیں۔مولانا فضل الرحمٰن**

**جمہوریت کے تسلسل اور غیر جمہوری قوتوں کا راستہ روکنے کیلئے آپکی رائے اور خدشات صدر آصف زرداری کے سامنے رکھوں گا۔الطاف حسین کی مولانا فضل الرحمٰن کو یقین دہانی**

**اگر کسی نام پر پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی قوتوں کا اتفاق ہوجاتا ہے تو ہمیں بھی اس پر کوئی اعتراض نہیں۔الطاف حسین**

**اس وقت بہت بردباری سے کام لینے کی ضرورت ہے، ملک کو جمہوریت کی راہ پر گامزن رکھنے کیلئے اختلافات کو کم سے کم کرنا ہوگا**

**سیاسی تدبر اور فہم وفراست سے فیصلے کرنے ہونگے، خدانخواستہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جمہوریت کے تسلسل کو نقصان پہنچے۔الطاف حسین**

لندن:۔۔۔21 جون 2012ء

جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے آج ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا اوران سے ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر تبادلہ ءخیال کیا۔دوران گفتگو مولانا فضل الرحمٰن نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں مار پیٹ جیسے واقعات اور وزارت عظمٰی کے انتخاب کے معاملے پر سیاسی انتشار کی صورتحال محاذ آرائی کی طرف جارہی ہے۔ایسا نہ ہو کہ اس صورتحال کی وجہ سے جمہوریت کو نقصان پہنچے اور ہمیں کل کسی جنرل کو برداشت کرنا پڑے لہٰذا اگر وزارت عظمٰی کے انتخاب میں ان کی حمایت کی جائے تو وہ ایک متفقہ امیدوار کے طور پر سامنے آسکتے ہیں۔انہوں نے جناب الطاف حسین کو اس سلسلے میں مسلم لیگ ن اور مسلم لیگ ق کے رہنماؤں سے ہونے والی بات چیت سے بھی آگاہ کیا اور بتایا کہ مسلم لیگ ن بھی اس سلسلے میں ان کی حمایت کیلئے تیار ہے۔جناب الطاف حسین نے مولانا فضل الرحمٰن کی اس بات سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ یقیناً اس وقت بہت بردباری سے کام لینے کی ضرورت ہے، اگر ملک کو واقعتاً جمہوریت کی راہ پر گامزن رکھنا ہے تو ہمیں اختلافات کو کم سے کم کرنا ہوگا اور سیاسی تدبر اور فہم وفراست سے فیصلے کرنے ہوں گے ورنہ خدانخواستہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جمہوریت کے تسلسل کو نقصان پہنچے۔جناب الطاف حسین نے مولانا فضل الرحمٰن کو یقین دلایا کہ وہ جمہوریت کے تسلسل اور غیر جمہوری قوتوں کا راستہ روکنے کیلئے ان کی رائے اور خدشات صدر آصف زرداری کے سامنے رکھیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی نام پر پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی قوتوں کا آپس میں مل جل کر اتفاق ہوجاتا ہے تو ہمیں بھی اس پر کوئی اعتراض نہیں بلکہ اتفاق رائے جمہوریت کیلئے بہتر ہوگا۔

## 24/جون کا ایم کیو ایم کا جلسہ عام سازشی عناصر کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، گلفراز خان خٹک

**متحدہ امن وامان کیلئے بھرپور کردار ادا کررہی ہے اور 24، جون کا جلسہ شہر میں قیام امن کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا، واسع جلیل**

**جناب الطاف حسین کا پیار ومحبت، امن وآتشی، بھائی چارے اور یگانگت کا حق پرستانہ پیغام ایم کیو ایم کی شکل میں کراچی سے خیبر تک پھیل چکا ہے**

**خیبر پختونخواہ کے غیور، بہادر اور غیرت مند عوام خصوصاً کراچی میں بسنے والے بزرگوں، ماؤں، بہنوں اور نوجوان 24 جون کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں منعقد جلسہ عام میں بھرپور تعداد شرکت کریں، رابطہ کمیٹی کی اپیل**

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیار ومحبت، امن وآتشی، بھائی چارے اور یگانگت پر مشتمل حق پرستانہ پیغام ایم کیو ایم کی شکل میں کراچی سے خیبر تک پھیل چکا ہے 24/جون کا ایم کیو ایم کا جلسہ عام سازشی عناصر کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا جس میں لاکھوں افراد کی شرکت ثابت کردیگی کہ کراچی میں بسنے والے خیبر پختونخواہ کے غیور، بہادر اور غیرتمند عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور ملک میں امن وامان چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر اس ملک میں کوئی انقلاب یا تبدیلی لاسکتا ہے تو وہ صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ ہی ہیں کہ جنکے نظریہ وفکر وفلسفہ کی بنیاد پر ہی غریب ومتوسط طبقہ سے وابستہ عوام پاکستان میں تبدیلی کی بنیاد بنیں گے۔

انہوں نے خیبر پختونخواہ کے غیور، بہادراور غیرت مند عوام خصوصاً کراچی میں بسنے والے بزرگوں، ماؤں، بہنوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ 24 جون کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں منعقد جلسہ عام میں بھر پور تعداد شرکت کر کے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت کا اظہار کریں اور جلسہ کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کریں۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے جمعرات کے روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل، پختون ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹیوں کے انچارج اسلم آفریدی، شکیل عباسی، جوائنٹ انچارج روح اللہ، وقاص شاہ اور دیگر بھی موجود تھے۔گلفراز خان خٹک نے کہا کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات میں پیار و محبت، امن وآشتی، بھائی چارے اور یگانگت کا پیغام شامل ہے اور آج ایم کیو ایم کا فلسفہ چاروں صوبوں سمیت آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی پہنچ چکا ہے شہر کراچی جو مختلف قومیتوں کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے یہاں ایم کیو ایم اپنی تاریخی روایات برقرار رکھتے ہوئے مختلف قومیتوں کے تاریخی جلسے منعقد کرتی رہی ہے جن کا مقصد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ملک بھر کے عوام کو متحد کرنا ہے تاکہ مضبوط اور مستحکم پاکستان کے تصور کو اجاگر کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ آج ملک جن حالات سے دوچار ہے اس سے عوام بخوبی واقف ہیں اور یہی وجہ ہے کہ بعض قوتیں اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے ایک بار پھر کوشاں ہیں اور ایم کیو ایم کے حق پرستانہ پیغام کو روکنے کیلئے عوام میں نفرتیں پھیلانے کی کوشش کر رہی ہیں تاہم ایم کیو ایم ان سازشی عناصر کیخلاف سیسہ پلائی دیوار بنی ہوئی ہے۔یہ تاثر انتہائی غلط ہے کہ ایم کیو ایم صرف اردو بولنے والوں کی جماعت ہے، الحمدللہ ایم کیو ایم میں پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتون، ہزارہ وال، گلگتی، کشمیری و دیگر کئی زبانیں بولنے والے افراد شامل ہیں۔گلفراز خان خٹک نے کہا کہ وقت تقاضا کر رہا ہے کہ ملک کو نفرت و تفریق کی نہیں بلکہ اتحاد، اتفاق و یکجہتی کی اشد ضرورت ہے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ لسانیت اور نسل پرستی کے زہر کا مقابلہ کرنے کیلئے عوام کو ہر سطح پر متحد کیا جائے لہٰذا ایم کیو ایم 24/جون بروز اتوار شام 5 بجے جناح گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں خیبر پختونخواہ کی غیور، باشعور، باہمت اور غیرت مند عوام کا ایک بڑا جلسہ عام منعقد کرنے جارہی ہے جس کا مقصد نفرتوں کے بیج بونے والوں کے خلاف، بھائی کو بھائی سے لڑانے والوں کے خلاف، روشنیوں کے شہر کو اندھیروں میں دھکیلنے والوں کے خلاف، معصوم و بے گناہ جانوں کو خون میں نہلانے والوں کے خلاف، غریب محنت کشوں کو بیروزگار کرنے والوں کے خلاف اور ملک کے خلاف گھناؤنی سازشیں کرنے والوں کی تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔انہوں نے شہر کراچی کے غیور، باشعور، باہمت اور غیرت مند خیبر پختونخواہ کی عوام سے اپیل ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 24 جون بروز اتوار، ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے جلسہ عام میں بھر پور شرکت کر کے جلسہ کو کامیاب بنائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مشن و مقصد کو آگے بڑھائیں۔بعدازاں ایک سوال کے جواب میں رکن رابطہ کمیٹی واسع جلیل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ امن وامان کے حوالے سے اپنا بھر پور کردار ادا کر رہی ہے اور انشاء اللہ 24، جون کا جلسہ شہر میں امن کے قیام میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

## گینگ وار سے وابستہ کالعدم امن کمیٹی کے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن حسن رضا شہید ہمدرد اجتبیٰ خان شہید اور عاطف عثمانی شہید کے سوئم کے اجتماعات جمعرات کے روز منعقد ہوئے

## اجتماعات میں شہدا کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی حق پرست رکن سندھ اسمبلی، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ شہداء کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی:۔۔۔21، جون 2012ء

گینگ وار سے وابستہ کالعدم امن کمیٹی کے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133-A کے کارکن حسن رضا شہید، ہمدرد اجتبیٰ خان شہید اور عاطف عثمانی شہید کے سوئم کے اجتماعات جمعرات کے روز منعقد ہوئے جس میں شہدا کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی، اس سلسلے میں ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133-A کے کارکن حسن رضا کے سوئم کا اجتماع مصطفوی امام بارگاہ سیکٹر 11-B نارتھ کراچی سیکٹر میں ادا کی گئی، جبکہ اجتبیٰ خان شہید اور عاطف عثمانی شہید کے سوئم کے اجتماعات شہدا کی رہائش گاہ واقع 2-D-7 نارتھ کراچی میں منعقد ہوئے۔سوئم کے اجتماعات میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ شہداء کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعات میں حسن رضا شہید، ہمدرد اجتبیٰ خان اور عاطف خان شہید سمیت تحریک کے تمام شہداء کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## ملک کے معصوم عوام کو جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ اور فرسودا نظام نے جکڑا ہوا ہے، ڈاکٹر سلیم دانش، فیض احمد

## ایم کیو ایم ملک میں غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ، فرسودا نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے

## تقریری مقابلے میں اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات اور شیلڈ تقسیم کی گئیں

## ایم کیو ایم برطانیہ کے زیر اہتمام اے پی ایم ایس او کے 34 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اظہار خیال

لندن:۔۔۔21 جون 2012ء

ایم کیو ایم برطانیہ کے تحت اے پی ایم ایس او کے 34 ویں یوم تاسیس کے موقع پر لندن کے مقامی ہال میں تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر سلیم دانش اور جوائنٹ انچارج فیض احمد نے اظہار خیال کیا۔تقریب میں ایم کیو ایم برطانیہ کی آرگنائز کمیٹی کے ارکان، شعبہ خواتین کی اراکین، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان اور برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے مقررین نے حاضرین کو اے پی ایم ایس کے 34 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو تعلیمی اداروں سے پروان چڑھی جس نے ایم کیو ایم کی شکل اختیار کر لی ہے۔انہوں نے کہا سازشی عناصر کی جانب سے مختلف ہتھکنڈوں اور پروپیگنڈو ں کے باوجود حق پرستی کی تحریک کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی بھرپور کوشش کی جبکہ 1992ء میں ایم کیو ایم کے خلاف بدترین آپریشن بھی کیا گیا جس میں ہزاروں ذمہ داران و کارکنان کو نہ صرف گرفتار کیا گیا بلکہ انہیں بے دردی سے قتل کیا گیا حتیٰ کہ جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین کو بھی بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کر دیا گیا۔انہوں نے کہا تمام مظالم اور ظلم و تشدد کے باوجود ایم کیو ایم کو ختم نہ کیا جاسکا بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور مقبولیت میں بے پناہ اضافہ ہوا اور یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیو ایم کا پیغام نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر میں پھیل چکا ہے اور ایم کیو ایم کے فکر و فلسفہ اور عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر تمام قومیت سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کہ قیام پاکستان کو آج تقریباً 65 سال کا عرصہ ہو چکا ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑھتا ہے کہ ملک کے باسیوں کو جاگیردارانہ ،وڈیرانہ، سردارانہ اور فرسودا نظام نے جکڑا ہوا ہے لہٰذا جب تک ملک سے ظالمانہ و فرسودہ نظام کا خاتمہ نہیں ہو جاتا عوام سکھ کا سانس لینے سے قاصر رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک کے غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی اور ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ، فرسودا نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے۔قبل ازیں تقریری مقابلہ ہوا جس میں ایم کیو ایم ساؤتھ ہال یونٹ کے محسن سعید نے پہلی، ایم کیو ایم سلاؤ یونٹ کے یوسف قریشی نے دوسری اور ایم کیو ایم بریڈفورڈ یونٹ کے کارکن احمر عباسی نے تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ ایم کیو ایم یو کے میڈیا سیل کے انچارج علی مرتضیٰ نے سوشل میڈیا نیٹ ورکنگ کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا اور اس کی اہمیت و افادیت بیان کی جسے حاضرین نے سر بردست انداز میں سراہا۔تقریب سے ایم کیو ایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ہاشم اعظم نے بھی اظہار خیال کیا جبکہ نظامات کے فرائض سہیل خانزادہ نے انجام دیئے۔ بعد ازں تقری مقابلہ میں کامیاب ہونے والوں میں خصوصی انعامات اور شیلڈ تقسیم کی گئیں۔

## ملک میں آنیوالے غریب و متوسط طبقے کے انقلاب میں محنت کش طبقے کی جدوجہد کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے ارشد انصاری

## ہمیں اجتماعی مفاد کیلئے انفرادی مفادات کو پشت پر ڈالنا ہوگا، زاور حسین

## کراچی سے شروع ہونے والی تحریک انتہائی مختصر عرصے میں پورے پاکستان کے غریب، مظلوم اور محروم طبقے کے دلوں کی آواز بن چکی ہے، آصف صدیقی

## لیبر ڈویژن کے ایم سی یونٹ کے زیر اہتمام جنرل ورکرز اجلاس سے اظہارِ خیال

کراچی:۔۔۔21، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے ایم سی یونٹ کے زیر اہتمام جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا۔جس میں لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج ارشد انصاری اور اراکین لیبر ڈویژن آصف صدیقی اور زوار حسین نے اظہار خیال کیا۔اس موقع پر انچارج و اراکین کمیٹی کے سی ڈی جی کے (کے ایم سی) یونٹ، کارکنان، ہمدرد اور حق پرست ملازمین کی کثیر تعداد موجود تھی۔اجلاس سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے ارشد انصاری نے کہا کہ ملک میں آنیوالے غریب و متوسط طبقے کے انقلاب میں محنت کش طبقے کی جدوجہد کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے کیونکہ محنت کش طبقہ ہی ملک کی ترقی و خوشحالی کا ضامن ثابت ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک بھر میں محنت کشوں کو یکساں اور برابری کی بنیاد پر حقوق فراہم کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کی فضاؤں میں گونجتی انقلاب کی دستک قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بدولت ہے اب وہ وقت دور نہیں جب 98 فیصد مظلوم طبقے

کی حکمرانی قائم ہوگی کیونکہ آج پورے پاکستان کے مظلوم عوام قائد تحریک کے نظریے کا ساتھ دینے کیلئے تیار ہیں راستے میں کتنے ہی کٹھن مراحل کیوں نہ آئیں ہم ہرحال میں حق پرستانہ جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اجلاس سے لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے رکن زوار حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اجتماعی مفاد کیلئے انفرادی مفادات کو پشت پر ڈالنا ہوگا ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے قائد جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں جو مظلوم عوام کے حقوق کیلئے دن رات جدوجہد کررہے ہیں۔ اس موقع پر رکن لیبر ڈویژن آصف صدیقی نے اجلاس سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے نظریے کی سچائی ہے کہ کراچی سے شروع ہونے والی تحریک انتہائی مختصر عرصے میں پورے پاکستان کے غریب، مظلوم اور محروم طبقے کے دلوں کی آواز بن چکی ہے۔

## ایم کیوایم شعبہ نشرواشاعت سائبر کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے رکن سعید الرحمٰن کے والد عبدالمنان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔21، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ نشرواشاعت سائبر کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے رکن سعید الرحمٰن کے والد عبدالمنان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆